قومی انڈر 19ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا پہلا راؤنڈ مکمل

- اخترشاہ کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت بلوچستان نے خیبرپختونخوا کو 6 وکٹوں سے شکست دے دی
- سعد بن اطہر کے 4 شکارر ائیگاں، سندھ نے سنٹرل پنجاب کو 40 رنز سے مات دے دی
- اوپنر محمد باسط کی شاندار بیٹنگ نے سدرن پنجاب کو ناردرن کے خلاف کامیابی دلادی

لاہور، 5 اکتوبر 2019ء:

بلوچستان نے خیبرپختونخوا کو6 وکٹوں سے شکست دے کر 3روزہ میچ کی شکست کا بدلہ لے لیا۔ جناح اسٹیڈیم سیالکوٹ میں کھیلے گئے میچ میں بلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ خیبرپختونخوا کے اوپنرز نے ٹیم کو 52 رنز کا آغاز فراہم کیا تاہم اس کے بعد کوئی کھلاڑی بھی زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکا اور پوری ٹیم 25.2 اوورز میں 112 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔خیبرپختونخوا کےاوپنر ابوذر طارق 32 اور عبداللہ فاروق 21 رنز بناکر نمایاں بیٹسمین رہے۔بلوچستان کی جانب سے اختر شاہ نے 5 اور محمد جنید نے 3 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں بلوچستان کی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 27ویں اوور میں 4 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔ بلوچستان کی جانب سے محمد ابراہیم ناقابل شکست 40 اور عبیداللہ 24 رنز بنا کر نمایاں بیٹسمین رہے۔خیبرپختونخوا کے محمد وسیم جونیئر نے 2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔

دوسری جانب سندھ نے سنٹرل پنجاب کو 40 رنز سے مات دے دی۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب نےٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ سندھ کی پوری ٹیم 45.5 اوورز میں 176 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ وکٹ کیپر بیٹسمین شہریار رضوی نے 38 اور صائم ایوب نے 32 رنز بنائے۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سعد بن اطہر نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے 17 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کوپویلین کی راہ دکھائی۔ تاہم سنٹرل پنجاب کے

بلے بازوں نے سعد بن اطہر کی عمدہ باؤلنگ پر پانی پھیر دیا اور پوری ٹیم 41 ویں اوور میں 136 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عمر ایمان کی جانب سے 44 رنز کی اننگز بھی رائیگاں گئی۔ سندھ کے ذیشان خان اور آرش علی خان نے 3،3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

مظفرآباد اسٹیڈیم میں سدرن پنجاب نےایک روزہ میچ میں ناردرن کو 29 رنز سے شکست دے دی۔اس سے قبل سدرن پنجاب نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا جو کارگر ثابت ہوا۔ اوپنر ز محمد باسط کے 72 اور عمر رحمان کے 48 رنز کی بدولت سندھ نے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 221 رنز بنائے۔ناردرن کی جانب سے مہران ممتاز نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ناردرن کا کوئی بھی بلے باز بہتر کھیل کا مظاہرہ نہ کرسکا اور پوری ٹیم 48 ویں اوور میں 192 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سدرن پنجاب کی جانب سے طاہر حسین نے 45 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔حارث جاوید اور عمررحمان نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk